فلسفۂ حرمتِ شراب | مؤلف: جناب سید تصدق بخاری - ملنے کا پتہ: ادارۂ اسلامیات، انارکلی، لاہور - رنگین سرورق کے ساتھ ۶۳ صفحات - قیمت: ۶/- روپے

شراب کی حرمت کے دلائل و وجوہ شرعاً بھی بیان کیے گئے ہیں اور عقلاً بھی - اسلاف کے اہم اقوال بھی ہیں - اور جدید کی مثالیں بھی - دیگر منشیات کے عدم جواز کو بھی واضح کیا ہے - ص ۵۰ پر حرمتِ شراب کی سات قرآنی دلیلیں بیان ہوئی ہیں - پھر احادیث لائی گئی ہیں -

---

کتابت اور تدوینِ حدیث | تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی - افتتاحیہ مولانا سمیع الحق - ناشر: مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ - اکوڑہ خٹک، ضلع پشاور - قیمت ۷/- روپے

ایک معروف دینی ادارے سے ایک ممتاز عالمِ دین نے احادیث کی کتابت اور تدوین کے متعلق ۴۸ صفحے کا یہ بہت اچھا پمفلٹ ہے -

مستشرقین سے حاصل کر کے ہمارے ہاں کے شریعت گریز مخالفینِ سنت نے یہ اعتراض اٹھایا ہے کہ کتابت و تدوینِ احادیث تو بعد کی بات ہے، بلکہ یہ کہ حدیثیں تو بعد کی دو صدیوں میں گھڑی گئی ہیں - مولانا عبدالقیوم نے اسی کا مدلل جواب دیا ہے -

---

کفیلِ محمدؐ | از جناب غلام نبی مسلم بی اے - ناشر: ادارہ علم القرآن - ۱۰ - عینک محل، شاہ عالم مارکیٹ، لاہور - قیمت: نامعلوم -

یہ مختصر کتاب بڑی دلچسپ ہے - اس کے مؤلف کے قلم نے پچھلی تاریخ کے دھارے کو موڑ کر دکھایا دکھایا ہے - دیگر متفرق مسائل کو جانے دیں - اصل مسئلہ یہ ہدفِ نظر ہے کہ جناب ابوطالب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کفیل نہ تھے بلکہ آپ کے بڑے چچا (تایا)، زبیر تھے - مزید یہ کہ حضورؐ خود ابوطالب اور ان کی اولاد کے کفیل رہے ہیں - خاص اہمیت ڈاکٹر محمد اسلم (فاضل تاریخ) کے پیش لفظ کو حاصل ہے - ان کا فرمان ہے کہ خیر القرون کی تاریخ کے تئیس میں سے اکتیس مؤرخ یا تو مجوسی النسل عجمی ہیں یا وہ سبائی پروپیگنڈا سے متاثر نظر آتے ہیں -

بہرحال ایسے مباحث پہ غور و تحقیق کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے -